**اگر سازشی حربوں کے ذریعہ موجودہ جمہوری حکومت کوختم کرنے کی کوشش کی گئی تو سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر جمہوری حکومت کی حفاظت کریں گے۔الطاف حسین**

**جماعتیں عدلیہ کی آزادی کےنعرے کی آڑ میں اپنا سیاسی کھیل کھیلنے کیلئے کراچی اور سندھ کواپنا سیاسی اکھاڑہ بنانے کیلئے آرہی ہیں**

**ایم کیوایم عدلیہ کی آزادی اوراداروں کی مضبوطی پریقین رکھتی ہےلیکن عدلیہ کی آزادی کےنعرے کی آڑ میں سیاسی بازیگری کےخلاف ہے**

**انشاءاللہ 12 مئی کومتحدہ قومی موومنٹ کی ریلی میں سندھ بھر کےعوام بھرپوراور تاریخی شرکت کر کے ثابت کردیں گے کہ سندھ اورکراچی جمہوریت اور عدلیہ کی آزادی پریقین رکھنے والےعوام کا ہے**

**عزیز آباد کراچی اورسندھ بھر کے 17،زونوں میں کارکنوں کےاجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب**

لندن۔۔۔8،مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اگر سازشی حربوں کے ذریعہ موجودہ جمہوری حکومت کوختم کرنے کی کوشش کی گئی تو متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن، ماں، بہن، بزرگ اور جوان ان سازشوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر جمہوری حکومت کی حفاظت کریں گے اور انشاءاللہ 12 مئی کومتحدہ قومی موومنٹ کی ریلی میں سندھ بھر کےعوام بھرپوراور تاریخی شرکت کر کے ثابت کردیں گے کہ سندھ اور کراچی جمہوریت اور عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھنے والےعوام کا ہے جو عدلیہ کے نام پر سازشیں اور سیاسی بازیگری کرنے والوں کومسترد کرتے ہیں۔وہ منگل کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز عزیز آباد کراچی اور سندھ بھر کے 17، زونوں میں کارکنوں کے اجتماعات سے بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کررہے تھے۔ان اجتماعات میں ہرزبان بولنے والے اوراقلیتی برادریوں سےتعلق رکھنے والے ہزاروں کارکنوں، بزرگوں، ماؤں، بہنوں نے شرکت کی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جب بھی تحریک اور قوم پر کڑا وقت اور آزمائشیں آئیں ہیں تو میرے ساتھی کسی بھی مرحلے پر نہ تو خوفزدہ ہوئے اور نہ مایوس ہوئے بلکہ ثابت قدم رہے اورانہوں نے حوصلہ،صبر واستقامت اور جرات وہمت کے ساتھ ہر چیلنج کا کامیابی سے مقابلہ کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے 12 مئی کوکراچی میں ایک پرامن ریلی کا اعلان کیا ہے جبکہ تمام مخالف سیاسی ومذہبی جماعتوں نے یہ چیلنج کیا ہے کہ 12 مئی کوسندھ اور کراچی پران جماعتوں کاراج ہوگا۔ان جماعتوں نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ جماعتیں بڑے عرصے سے تیاریاں کررہی تھیں۔اب ان جماعتوں کا دعوٰی ہے کہ 12 مئی کووہ یہ ثابت کریں گے کہ سندھ اور کراچی کےعوام ان کے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان سیاسی ومذہبی جماعتوں کوکراچی کےعوام انتخابات میں باربار مسترد کرتے رہے ہیں اور اب یہ جماعتیں عدلیہ کی آزادی کےنعرے کی آڑ میں اپنا سیاسی کھیل کھیلنے کیلئے کراچی اور سندھ کواپنا سیاسی اکھاڑہ بنانے کیلئے آرہی ہیں لیکن انشاءاللہ تعالیٰ کراچی اور سندھ بھر کےعوام، مائیں، بہنیں، بزرگ، نوجوان اور ہرطبقہ فکر کےعوام 12 مئی کومتحدہ قومی موومنٹ کی ریلی میں بھرپورشرکت کر کے ثابت کردیں گے کہ کراچی اور سندھ کےعوام جمہوریت اور عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے متحد ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان سیاسی ومذہبی جماعتوں کے لوگ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ ان کے پاس بہت اسلحہ ہے جس سے یہ سندھ اور کراچی کےعوام کوڈرادیں گےلیکن ہم کہتے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک پرامن جماعت ہے جس کے کارکن، مائیں، بہنیں اور بزرگ گولیوں سےنہیں ڈرتے بلکہ وہ اپنی پرامن جدوجہد کے ذریعے غیر آئینی، غیر جمہوری اور غنڈہ گردی کاعمل کرنے والوں کی سازشوں کوناکام بنادیں گے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ اور کراچی کے بہادر سندھی بولنے والے سندھی، اردوبولنے والے سندھی، بلوچ، پختون، سرائیکی، کشمیری، پنجابی، میمن، کاٹھیاواڑی، کچھی اور تمام اقلیتوں سےتعلق رکھنے والےعوام، بزرگ، مائیں، بہنیں اور نوجوان جو متحدہ قومی موومنٹ کے ساتھ ہیں، وہ غریب ضرور ہیں لیکن بزدل اور بے غیرت نہیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ تعالیٰ 12 مئی کوزمین، آسمان، فضائیں، میڈیا اور پوری دنیا دیکھے گی کہ کراچی کی کوئی سڑک اور گلی ایسی نہیں ہوگی جہاں الطاف حسین اور متحدہ کے چاہنے والوں کا سمندر نہ ہو۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عدلیہ کی آزادی اوراداروں کی مضبوطی پر یقین رکھتی ہےلیکن عدلیہ کی آزادی کےنعرے کی آڑ میں سیاسی بازیگری کے خلاف ہے اوراگر سازشوں کے ذریعے موجودہ جمہوری حکومت کوختم کرنے کی کوشش کی گئی تو متحدہ قومی موومنٹ کا ایک ایک کارکن بزرگ، ماں، بہن اورنوجوان ان سازشوں کے خلاف سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر جمہوری حکومت کی حفاظت کرے گا۔جناب الطاف حسین نے ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور ہرطبقہ زندگی سےتعلق رکھنے والےعوام خصوصاً عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھنے والے وکلاء اور تمام کارکنوں سے پرزور اپیل کی کہ وہ 12 مئی کومتحدہ قومی موومنٹ کی ریلی میں بھرپورشرکت کر کےایک مرتبہ پھر ثابت کردیں کہ کراچی اور سندھ حق پرست عوام کا ہے، سازشی سیاسی بازیگروں کا نہیں ہے۔جناب الطاف حسین نے عوام اور کارکنان سے پرزور اپیل کی کہ وہ ریلی کے موقع پرمکمل طور پر پرامن رہیں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں تا کہ کسی کوامن وامان خراب کرنے کا موقع نہ مل سکے۔

## متحدہ قومی موومنٹ 12 مئی کو کراچی میں عظیم الشان پرامن ریلی نکالے گی
## ریلی کے انعقاد کے لئے ایم کیو ایم کے تمام ونگز اور شعبہ جات کے کارکنان کو فعال کردیا گیا
## جگہ کے تعین کیلئے رابطہ کمیٹی کے مختلف ونگز اور شعبہ جات سے صلاح ومشورے

کراچی۔۔۔8،مئی 2007ء

عدلیہ کی آزادی اور خودمختاری کی حمایت میں اور عدلیہ کی آزادی کے نعرے کی آڑ میں سیاسی بازیگری کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 12، مئی بروز ہفتہ کو کراچی میں ایک عظیم الشان پرامن ریلی کا انعقاد کیا جائے گا۔ یہ فیصلہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے منگل کے روز ایم کیو ایم کی تنظیمی کمیٹیوں، ونگز اور شعبہ جات کے ایک مشترکہ اجلاس میں کیا۔ ریلی کے مقام اور دیگر تفصیلات کے سلسلے میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے ایم کیو ایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کے اراکین سے صلاح ومشورے جاری ہے۔ عدلیہ کی آزادی کی آڑ میں سیاسی بازیگری کرنے والوں کے خلاف ایم کیو ایم کی پرامن ریلی کے انعقاد کے سلسلے میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ونگز اور شعبہ جات کو فعال کردیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ 12 مئی کو عدلیہ کی آزادی کے نعرے کی آڑ میں سیاسی بازیگری کے خلاف اور عدلیہ کی آزادی اور خودمختاری کی حمایت میں اس ریلی کو کامیاب بنائیں اور ریلی میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کرکے اپنے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کریں۔

## بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں ارکان قومی اسمبلی
## ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی متعلقہ اداروں کی مجرمانہ غفلت کے باعث عوام شدید ذہنی کرب میں مبتلا ہیں

کراچی۔۔۔8،مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے کراچی اور حیدرآباد میں بجلی کے سنگین بحران کے باعث شہریوں کو لاحق مشکلات اور پریشانیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث نہ صرف کراچی اور حیدرآباد کی تجارتی، کاروباری اور صنعتی سرگرمیاں متاثر ہورہی ہے بلکہ گرمی اور حبس کے موسم میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے باعث عوام شدید ذہنی کرب کا شکار ہیں اوران کے معمولات زندگی بری طرح سے متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو بجلی کی مستقل فراہمی کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کارلاتے لیکن ماضی کی طرح اس مرتبہ بھی متعلقہ اداروں کی مجرمانہ غفلت کے باعث عوام کو ایک مرتبہ پھر مشکلات اور پریشانیوں کا شدید سامنا کرنا پڑرہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ کراچی اور حیدرآباد میں بجلی کے بحران کا سختی سے نوٹس لیا جائے، بجلی کی عدم فراہمی کا سلسلہ بند کرایا جائے اور شہریوں کو بجلی کے سنگین بحران سے نجات دلانے کیلئے فی الفور عملی اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## مہاجر رابطہ کونسل کے ارکان کل بروز بدھ کراچی پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔8،مئی 2007ء

مہاجر رابطہ کونسل کی مجلس شوریٰ کے اراکین 9، مئی بروز بدھ کو سہ پہر 3 بجے کراچی پریس کلب میں اہم پریس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ پریس کانفرنس میں مہاجر رابطہ کونسل کے عہدیداران صدارتی ریفرنس سے پیدا ہونے والی موجودہ صورتحال پر اپنا مؤقف پیش کریں گے۔

☆☆☆☆☆